# كنز الدقائق

للإمام عبد الله بن أحمد بن محمود النسفي رحمه الله

٧١٠ هـ

مع الحاشية

للشيخ محمد أحسن الصديقي النانوتوي رحمه الله

١٣١٢ هـ

مكتبة البشرى
للطباعة والنشر والتصفيف

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
وعلیٰ آلک و اصحابک یا حبیب اللہ

صلی اللہ علیٰ محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نام — ابو باقر حافظ صابر حسین سعیدی

مضمون — کنز الدقائق (فقہ) سوالاً جواباً
درجہ خاصہ دوم (رابعہ)
معلّم — استاذ العلماء استاد علامہ تنویر کمال المدنی عطاری مدظلہ العالی

جامعۃ المدینہ ملک کالونی نواب شاہ

دیکھا نہ کوئی کوہ کن فرہاد کے بغیر
آتا نہیں ہے فن کوئی اُستاد کے بغیر

## اہم بات

حتی الامکان کوشش رہی ہے کہ ہر مسئلہ واضح اور الگ الگ ہو تو۔
الحمدللہ اس سعی میں کامیاب رہا

اپنی اس ادنیٰ سی سعی کو اساتذہ کرام اور اپنے والدین کریمین کو پیش کرتا ہوں۔
اللہ عزوجل اس سعی کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نوازے آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وسلم

## ایک عرض

اپنی اس تمام تر کوششوں کے باوجود میں اعتراف کرتا ہوں کہ میری اس تحریر میں غلطی کا امکان موجود ہے تو براہ کرم جو کسی غلطی پر مطلع ہو تو وہ مجھے بالدلائل آگاہ فرمائے بندہ ناچیز آپکا تا دمِ حیات مشکور رہے گا۔ جزاک اللہ خیراً

العارض
ابو باقر صابر حسین سعیدی
0314-7155140 / 0307-5495628

12-03-2022

ماشاءاللہ اللھم زد فزد ثم زد

نوٹ: جو صفحات کے حوالہ دیئے ہوئے ہیں وہ مکتبہ لدھیانوی کی کتاب کے ہیں۔

1

صلی اللہ علی محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# کتاب الحج

سوال نمبر 1۔ حج کی لغوی اور شرعی تعریف، حکم اور شرائط تحریر کریں

**جواب**

حج کا لغوی معنی ہیں "ارادہ کرنا"

شرعی تعریف: مخصوص زمانہ میں، مخصوص فعل کے ساتھ مخصوص جگہ کی زیارت کرنا حج کہلاتا ہے۔ صفحہ 90

**شرائط:**

1۔ آزاد ہونا (2) عاقل ہونا (3) بالغ ہونا

4) تندرست ہونا (5) مسلمان ہونا (6) زادِ راہ اور سواری پر قدرت ہونا (7) آنے جانے اور اہل و عیال کا نفقہ ہونا

8) راستہ کا پرامن ہونا

**نوٹ**

عورت کیلئے سفر میں محرم یا شوہر کا ہونا ضروری ہے۔

**حج کا حکم**

فی الفور زندگی میں ایک مرتبہ فرض ہے جس میں مذکورہ تمام شرائط پائی جائیں۔ صفحہ 90

سوال نمبر 2۔ احرام کے مواقیت کون سے ہیں؟

جواب۔

1۔ ذوالحلیفہ (مدینہ) 2۔ ذات عرق (عراق) 3۔ جحفہ (شام)

4۔ قرن (نجد) 5۔ یلملم (یمن)

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 3۔ احرام کب باندھا جائیگا نیز آفاقی، مکی اور حلی کیلئے میقات کون سی جگہ ہے؟

جواب۔
ہر شخص ~~آفاقی~~ احرام میقات سے پہلے باندھے گا
مواقیت میں رہنے والے کیلئے میقات "حل" ہے
مکی کیلئے حج کیلئے حرم اور عمرہ کیلئے حل ہے

احرام کے مواقیت کی وضاحت

ذوالحلیفہ : مدینہ سے آنے والوں کیلئے میقات ہے
ذات عرق : عراق سے آنے والوں کیلئے
جحفہ : شام کی طرف سے آنے والوں کیلئے
قرن : نجد کی طرف سے آنے والوں کیلئے
یلملم : یمن والوں کیلئے۔

نوٹ : پاک و ہند کیلئے میقات یلملم کے محاذات ہیں۔

سوال نمبر 4۔ احرام باندھنے کے بعد بچہ بالغ ہوگیا اور غلام آزاد ہوگیا تو کیا اسی احرام پر رہیگا یا نیا احرام باندھے گا؟

جواب۔
فرض حج میں دوبارہ احرام باندھنا پڑے گا
کیونکہ پہلے اس نے نفل حج کا احرام باندھا ہوا تھا۔ تو اُس احرام سے
فرض ساقط نہیں ہوگا۔
صفحہ 91

Scanned with CamScanner

③

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
صلی اللہ علی محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

# باب الاحرام

س 5- احرام کا لغوی اور شرعی معنی لکھیں۔

جواب

لغوی معنی "حرام کرنا"

شرعی معنی۔

نیت اور ذکر کے ساتھ مخصوص حرمتوں میں داخل ہو کر انکا التزام کرنا احرام کہلاتا ہے۔

صفحہ 92

س 6- احرام باندھنے کا طریقہ، آداب، دعا، تلبیہ بمع ترجمہ

جواب۔

احرام باندھنے سے پہلے وضو کرے افضل یہ ہے کہ غسل کرے
پھر دو چادریں (ایک تہبند اور دوسری چادر) پہنے اور خوشبو لگائے
اور دو رکعت نماز پڑھے
پھر یہ دعا ~~پڑھ~~ پڑھے۔

اللّٰھمّ إنّي أُرِیدُ الحج فیسّرہُ لِي وَتقبّلہُ مِنّي۔

تلبیہ

لبّیک اللّٰھمّ لبّیک، لبّیک لا شریک لک لبّیک
إنّ الحمدَ والنّعمۃَ لک والملک لا شریک لک۔

صفحہ 92

س 7-

احرام کے محرمات وممنوعات تحریر کریں۔

1- بے ہودہ بات 2- فسق 3 لڑائی 4- شکار
5 شکار کی طرف اشارہ کرنا 6- شکار کی رہنمائی 7- قمیص شلوار پہننا
8- عمامہ پہننا 9- برقعہ پہننا ~~چپل پہننا~~ 10- موزے پہننا مگر جب چپل نہ ہو
تو ٹخنوں کے نیچے سے موزے کاٹ لے 11) ورس، زعفران یا عصفر
کے ساتھ رنگے ہوئے کپڑے کو پہننا 12) چہرہ اور سر کو چھپانا

Scanned with CamScanner

13- چہرے اور سر کو خطمی کے ساتھ دھونا 14- سر کا حلق کروانا
15- بالوں اور ناخنوں کو کاٹنا
صفحہ 93

س 8- کون سے امور حالتِ احرام میں مباح ہیں؟

جواب۔
1- غسل کرنا 2- حمام میں داخل ہونا 3- گھر میں چھت کا سایہ
4- سورج کا سایہ لینا 5- سورج کے درمیان میں تھیلی باندھنا۔
صفحہ 94

س 9- طواف قدوم کا طریقہ اور حکم بیان کریں۔

جواب
جب مکہ میں داخل ہوں تو تکبیر اور تہلیل کہے گا جب بیت اللہ سے ملے تو حجر اسود کا استقبال کرے کسی کو تکلیف دیئے بغیر استلام کرے پھر "اضطباع" (احرام کی اوپر والی چادر کو سیدھی بغل سے نکال کر اس طرح الٹے کندھے پر ڈالنا کہ سیدھا کندھا کھلا رہے) کر کے طواف کرے حطیم کے سامنے کعبۃ اللہ کے دروازے کی سیدھی جانب سے طواف شروع کریگا پہلے تین چکر میں "رمل" (اکڑ کر کندھے ہلاتے ہوئے قدم کے پنجوں پر چلتے ہوئے چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے ہوئے تھوڑا تیزی سے چلنا) کریگا اسکے بعد سات چکر مکمل کریگا۔ پھر طواف کو حجر اسود کے استلام کے ساتھ ختم کریگا۔ پھر مقامِ ابراہیم میں دو رکعت نماز پڑھے گا۔

حکم
طواف قدوم غیر مکی (آفاقی) کیلئے سنت ہے۔ صفحہ 95-96

س 10 تلبیہ کب کب اور کن مواقعوں پر پڑھا جائیگا؟

جواب۔
تلبیہ کی کثرت کریگا جب جب نماز پڑھیگا بلندی پر چڑھے گا۔ وادی میں اترے گا کسی قافلہ سے ملے گا تو بلند آواز سے تلبیہ پڑھے گا۔ ~~سحر وقت~~ سحر کے وقت میں صفحہ 94۔

Scanned with CamScanner

س 11- رمل کیا ہے؟ اور کتنے چکروں میں کیا جائیگا؟

جواب:

اکڑ کر کندھے ہلاتے ہوئے پنجوں کے بل تھوڑا تیزی سے چلنا رمل کہلاتا ہے رمل پہلے تین چکروں میں کیا جائیگا۔ صفحہ 95

س 12- طواف کہاں سے شروع کریں گے؟

جواب۔ طواف حطیم کے سامنے کعبۃ اللہ کے دروازے کی سیدھی جانب سے حجرِ اسود کا استلام کرتے ہوئے طواف شروع کریں گے۔

صفحہ 95۔

س 13- سعی کا مکمل طریقہ بیان کریں۔

جواب:

طواف قدوم کرنے کے بعد صفا کی طرف جائیگا صفا پر کھڑے ہو کر چار کام کریگا۔ بیت اللہ کی طرف منہ کریگا تکبیر و تہلیل کہے گا حضور علیہ الصلوۃ والسلام پر درود پڑھیگا اپنے رب سے دعا مانگے گا

اس کے بعد مروہ کی طرف اترے گا میلین اخضرین کے درمیان دوڑیگا اس کے علاوہ چلتے ہوئے جائیگا مروہ پر چڑھ کر وہی کام کریگا جو صفا پر کیا اسی طرح سات چکر مکمل کریگا۔ صفحہ 96۔

س 14- یومِ ترویہ کونسا دن ہے؟

جواب۔ یومِ ترویہ 8 ذوالحجہ کا دن ہے۔

س 15- یومِ عرفہ کونسا دن ہے؟ نیز یومِ نحر کونسا دن ہے؟

جواب۔ 9 ذوالحجہ کا دن عرفہ کا دن ہے۔ اور 10 ذوالحجہ کا دن نحر کا دن ہے۔

Scanned with CamScanner

س 16 - میدان عرفہ میں ظہر اور عصر جمع کرنے کی شرط کیا ہے؟

جواب:
میدان عرفہ میں ظہر اور عصر کو جمع کرنے کی شرط یہ ہے کہ دو بار ہر امیر المومنین (امام) ہو اور احرام بندھا ہوا ہو تو آذان اور دو اقامتوں کے ساتھ نماز پڑھے گا۔
صفحہ 96۔

س 17 8، 9، 10 ذوالحج کے مناسک (افعال) حج بیان کریں۔

جواب۔
7۔ ذوالحج کو امام خطبہ دیگا
8۔ ذوالحج کو منیٰ کو روانگی منیٰ میں ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور فجر کی
9۔ ذوالحج ۔ عرفات کو روانگی زوال کے بعد ظہر و عصر ملا کر پڑھیں اور جبل رحمت کے قریب وقوف پھر مزدلفہ کو روانگی بعد غروب شمس مغرب و عشاء کی ادائیگی عشاء کے وقت میں۔
10۔ ذوالحج ۔ بعد فجر منیٰ کو روانگی پھر رمی کریگا صرف جمرہ عقبیٰ پھر قربانی کریگا پھر حلق کرائے گا۔ پھر مکہ کی طرف روانگی وہاں پر طواف زیارہ کریگا طواف کے بعد منیٰ کی طرف جائیگا رات کو قیام کریگا منیٰ میں
12، 11 ذوالحج ۔ منیٰ میں رہے گا اور جمرات ثلاثہ کی رمی کریگا۔
صفحہ 96-97

سوال نمبر 18 عرفہ میں کس جگہ وقوف سنت ہے؟ نیز بطن عرنہ کسے کہتے ہیں؟
جواب
عرفہ میں جبل رحمت کے قریب ٹھہرے گا کیونکہ یہ سنت ہے مگر پورا کا پورا میدان عرفات ٹھہرنے کی جگہ ہے سوائے بطن عرنہ کے۔

بطن عرنہ
یہ وہ جگہ ہے جہاں پر حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام نے شیطان کو دیکھا تھا تو یہاں پر ٹھہرنے سے منع فرما دیا تھا۔

صفحہ 96

س 19- اضطباع کسے کہتے ہیں؟

جواب۔ احرام کی اوپر والی چادر کو سیدھی بغل سے نکال کر اس طرح الٹے کندھے پر ڈالیں کہ سیدھا کندھا کھلا رہے رہے "اضطباع" کہتے ہیں صفحہ 94

س 20 مزدلفہ میں وقوف کہاں ہوگا؟ نیز مزدلفہ میں فجر کا مستحب وقت کیا ہے؟

جواب۔ مزدلفہ میں بطن محسّر کے علاوہ جہاں چاہے ٹھہر سکتا ہے مگر مستحب یہ ہے کہ "جبل قزح" کے قریب ٹھہرے۔ صفحہ 97
اور فجر کا مستحب وقت جیسے ہی صبح صادق کا وقت شروع ہو تو روشنی پھیلنے سے پہلے پہلے نماز فجر ادا کر لیں۔

س 21 وادئ محسّر کونسی جگہ ہے؟ اور کیا اس میں وقوف درست ہے؟

جواب۔ مزدلفہ میں ایک وادی کا نام ہے یہ وہ جگہ ہے جہاں ھاتھی والوں کو عذاب ہوا تھا اس میں ٹھہرنے سے حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے منع فرمایا ہے۔ صفحہ 97

س 22 کنکری کا سائز بتائیں؟ نیز رمی کرتے وقت کیا پڑھنا چاہیے؟

جواب۔ کنکر کا سائز گٹھلی کی طرح ہونا چاہیے۔ اور رمی کرتے وقت ہر کنکر کے ساتھ تکبیر کہے گا اور پہلی کنکری پھینکتے ہی تلبیہ چھوڑ دیگا۔
صفحہ 98

س 23 طواف الزیارہ کا وقت کیا ہے؟ طریقہ بھی بتائیں؟ کیا طواف کو ایام نحر سے مؤخر کر سکتے ہیں؟

جواب۔ اسکا وقت یوم نحر کے طلوع فجر سے لیکر عمر کے آخر تک ہے مگر یوم نحر سے مؤخر کرنا مکروہ تحریمی ہے

طریقہ

اسکا طریقہ یہ ہے کہ سات چکر کاٹنے ہونگے بغیر رمل و سعی کے اگر اس نے پہلے طواف میں رمل اور سعی کر لیا تو لیکن اگر پہلے نہیں کیا تھا تو اب رمل اور سعی کریگا۔

طواف زیارت کو ایام نحر سے مؤخر کرنا مکروہ تحریمی ہے
امام اعظم کے نزدیک تاخیر سے دم واجب ہو جاتا ہے۔ صفحہ 98

سوال نمبر 24۔ رمی جمرات کا آغاز کس جگہ سے کریں گے؟
جواب رمی جمرات کا آغاز اس جگہ سے کریگا جو مسجد خیف کے ساتھ ملی ہوئی ہے یعنی جمرہ اولیٰ اسکے بعد جمرہ وسطیٰ پھر آخر میں جمرہ عقبہ پر رمی کریگا۔ صفحہ 99

س 25 ایام نحر اور 13 ذوالحجہ میں رمی کا وقت کیا ہے؟
جواب۔ ایام نحر میں رمی صرف زوال کے بعد ہی جائز ہے مگر 13 ذوالحجہ میں سورج طلوع ہونے کے بعد زوال سے پہلے بھی رمی کرنا درست ہے۔

س 26 منیٰ کے وقوف کے دوران کیا اپنا سامان مکہ مکرمہ بھیجنا درست ہے؟
جواب منیٰ کے وقوف کے دوران اپنا سامان مکہ مکرمہ بھیجنا مکروہ تحریمی ہے۔ صفحہ 99

س 27 وادی محصب کونسی جگہ ہے؟
جواب۔ مکہ اور منیٰ کے درمیان ایک پتھریلی زمین کا نام ہے۔ کفار یہاں جمع ہوکر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نقصان پہنچانے کی قسمیں کھاتے تھے

س 28 طواف صدر کون سا طواف ہے؟ اسکا حکم بیان کریں
جواب۔
طواف صدر کو طواف الوداع، طواف رخصت بھی کہتے ہیں۔
یہ طواف حج کے بعد مکہ مکرمہ سے رخصت ہوتے وقت کیا جاتا ہے
حکم
آفاقی حاجی پر طواف صدر کرنا واجب ہے
صفحہ 99-100

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 29 کیا کوئی ایسا شخص جس سے طوافِ قدوم ساقط ہو جائے؟

جواب جو شخص مکہ میں داخل نہ ہو بلکہ عرفات میں وقوف کرلے تو اس سے طوافِ قدوم ساقط ہو جائیگا۔

صفحہ 100

س 30 کسی نے وقوفِ عرفہ نیند کی حالت میں یا جنون کی حالت میں کیا، کیا ادا ہو جائیگا؟

جواب۔ جی ان تمام صورتوں میں وقوف درست ہو جائیگا۔
مگر وقوف یومِ عرفہ (9 ذوالحجہ) کی زوال کے بعد سے یوم نحر کی فجر تک کے وقت میں کرنا ہوگا

س 31 کیا کوئی شخص دوسرے کی طرف سے تلبیہ کہہ سکتا ہے؟

جواب جی دوسرے شخص کی طرف سے احرام بھی باندھا جا سکتا ہے اور تلبیہ بھی کہہ سکتا ہے

صفحہ 100

س 32 مرد اور عورت کے مناسکِ حج میں کیا فرق ہے؟

جواب مناسکِ حج میں عورت مرد کی طرح ہے سوائے چند چیزوں کے وہ یہ ہیں

1. اپنے چہرے کو تو کھلا رکھے گی مگر سر کو نہیں
2- بلند آواز سے تلبیہ نہیں پڑھے گی 3- رمل نہیں کریگی (4) سعی نہیں کریگی
5۔ حلق نہیں کرائے گی مگر تقصیر کرائے گی اور (6) سِلا ہو لباس پہنے گی

صفحہ 100

س 33 - کیا ایسے بھی کچھ افعال ہیں جن سے آدمی محرم ہو جاتا ہے؟
وَمَنْ قَلَّدَ بدنۃً تطوعٍ۔

جواب۔ جی اگر کسی نے قلادہ (پٹہ) پہنایا نفل کے بُدنہ یا نذر یا شکار کے بدلے کا بُدنہ۔ اور وہ اسکے ساتھ ہی چلا یا بُدنہ پہلے بھیج دیا خود بعد میں گیا اور اس سے مل گیا اور ان تمام صورتوں میں حج کا ارادہ بھی کیا ہو تو وہ محرم ہو جائے گا۔

نوٹ حج تمتع کے بُدنہ میں محرم نہیں ہوگا۔ صفحہ 101-100

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 34 "فَإِنْ جَلَّلَهَا أَوْ أَشْعَرَهَا أَوْ قَلَّدَ شَاةً" اسکی وضاحت کریں

جواب. اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی نے بُدنہ کو جھول پہنایا یا اسکی کوہان کو زخمی کیا یا بکری کو قلادہ پہنایا تو ان تمام صورتوں میں محرم نہیں ہوگا۔

نوٹ بُدنہ سے مراد اونٹ یا گائے ہے نا کہ بکری وغیرہ۔

صفحہ 101

((باب القران))

سوال نمبر 35 حج اِفراد، تمتع اور قِران کی تعریف بیان کریں

جواب.

اِفراد

حج کی اس قسم میں صرف حج کا احرام باندھا جاتا ہے اس میں عمرہ کا شامل نہیں ہوتا اہل مکہ اور حِلّی صرف حج افراد ہی کریں گے اگر قران یا تمتع کریگا تو دم واجب ہو جائیگا۔ مگر آفاقی چاہے تو کر سکتا ہے۔ اِفراد کرنے والے حاجی ۔۔۔ کو "مُفرِد" کہتے ہیں۔

تمتّع

ایک ہی سفر میں دو احرام کے ساتھ حج اور عمرہ کرنا حج تمتع کہلاتا ہے اس میں عمرہ ادا کرنے کے بعد حلق کروا کر احرام کھول دیا جاتا ہے پھر آٹھ (8) ذوالحجہ یا اس سے پہلے حج کا احرام باندھا جاتا ہے پاک و ہند والے عموماً یہی حج کرتے ہیں۔

قِران

یہ سب سے افضل ہے اس میں عمرہ اور حج کا احرام ایک ساتھ باندھا جاتا ہے مگر عمرہ کرنے کے بعد "قارن" حلق یا قصر نہیں کروا سکتا اسے یوم النحر کو قربانی کرنے کے بعد حلق یا قصر کرا کے احرام کھول دے

صفحہ 101

(۲) جس میں تیسرا روزہ عرفہ کے دن ہونا چاہیے۔

(11)

س 36. حج قران میں کیا دو طواف اور دو سعی کی جائیں گی؟

جواب. اگر کسی شخص نے دو طواف (حج و عمرہ) اور دو سعی کی تو ایسا کرنا جائز تو ہے مگر برا ہے عمرے کی سعی میں تاخیر کی وجہ سے مگر اس وجہ سے اس پر کچھ دم وغیرہ لازم نہیں ہوگا۔

صفحہ 102

س 37. حج قران کے شکرانے میں اگر قربانی کی استطاعت نہ ہو تو کیا کرے؟

جواب. اگر کوئی قربانی کی استطاعت نہ رکھتا ہو تو دس روزے رکھے گا تین روزے ایام حج میں اور بقیہ سات روزے مناسک حج سے فارغ ہو کر رکھنے چاہیے مکہ میں ہی رکھ لے یا واپس گھر آ کر مگر تین روزے ایام حج میں لازمی رکھنے ہیں تو دم واجب ہو جائیگا۔

صفحہ 102

س 38. اگر حج قران کا احرام باندھ کر کوئی مکہ میں داخل ہو جانے کی بجائے عرفات چلا گیا اور وہاں وقوف کیا تو کیا حکم ہے؟

جواب.

ایسا شخص جس نے حج قران کا احرام باندھا پھر مکہ جانے کی بجائے عرفات میں چلا گیا وہاں پر وقوف کیا تو اسکو عمرہ چھوڑنے کی وجہ سے دم لازم ہوگا پھر عمرہ کی بھی قضاء کریگا

صفحہ 102

حافظ صابر حسین
حنفی بریلوی جیلانی
عفا عنہ الباری ماتلی
0307-5495628
0314-7155140
12-03-2022

بسم اللہ الرحمن الرحیم
صلی اللہ علی محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

# باب التمتع

## س 39- حج تمتع کا طریقہ بیان کریں۔

جواب
میقات سے عمرہ کا احرام باندھے پھر عمرہ کیلئے طواف وسعی کرے پھر حلق یا قصر کر کے عمرہ کے احرام سے حلال ہو جائے اور طواف شروع کرتے ہی تلبیہ کو روک دیگا اسکے بعد آٹھ ذوالحجہ کو حرم شریف سے حج کا احرام باندھ لے پھر حج کرے قربانی کرے اور اگر قربانی کی استطاعت نہ ہو تو دس روزہ رکھے جسکی تفصیل پچھلے صفحے پر گزر چکی ہے صفحہ 102

## س 40 قربانی کے عوض کے تین روزہ اگر کسی نے ماہ شوال میں عمرے کے احرام سے پہلے رکھ لیے پھر عمرہ کا احرام باندھا تو کیا یہ روزے کافی ہونگے؟

جواب۔
اگر کسی نے شوال میں تین روزہ رکھ لیے پھر عمرہ کیا تو یہ پہلے والے تین روزے کافی نہیں ہونگے کیونکہ جب وہ روزے رکھ رہا تھا اس وقت سبب (عمرے کا احرام) موجود نہیں تھا حالانکہ یہ روزے حج تمتع کے دم کے بدلے رکھے جاتے ہیں۔
اور اگر عمرے کے احرام کے بعد اور طواف سے پہلے تین روزے رکھے تو کافی ہونگے کیونکہ سبب موجود ہے۔ صفحہ 103

## س 41 حج تمتع کا افضل طریقہ کیا ہے؟

جواب۔ حج تمتع کا افضل طریقہ یہ ہے کہ میقات سے احرام باندھ کر ہدی کو ساتھ لے چلے اس بدنہ کو قلادہ پہنائے چمڑے یا جوتے کا اور اسکی کوہان کو زخمی نہ کرے وہاں جاکر عمرہ کے افعال ادا کرے اس سے وہ حلال نہیں ہوگا پھر وہ آٹھ (8) ذوالحجہ کو حج کا احرام باندھ کر حج کے افعال ادا کرے اگر دوسرا احرام یوم ترویہ سے پہلے باندھے تو مستحب ہے آخر میں یوم النحر کو حلق کروانے سے دونوں احراموں سے حلال ہو جائیگا۔

س 42 حج تمتع کس کیلئے ممنوع ہے؟

جواب مکی اور اسکے قریب والے یعنی مواقیت کے اندر رہنے والوں کیلئے حج تمتع اور قِران جائز نہیں ہے۔

صفحہ 103-104

س 43 متمتع عمرہ کرنے کے بعد اپنے شہر لوٹ آیا کیا اسکا متمتع ہو جائیگا؟

جواب

اگر متمتع ہدی ساتھ لیکر نہیں گیا تھا پھر وہ عمرہ کرکے واپس آجائے تو اسکا حج تمتع باطل ہو جائیگا لیکن اگر وہ ہدی ساتھ لے گیا تھا پھر عمرہ کرکے واپس آگیا تو اسکا تمتع باطل نہیں ہوگا شیخین کے نزدیک ہے اور امام محمد فرماتے ہیں کہ تمتع باطل ہو جائیگا۔

صفحہ 104

سوال نمبر 44. اگر عمرہ میں طواف کے چکر حج کے مہینوں سے پہلے کیے اور پھر حج کیا تو کیا تمتع ہو جائیگا؟

جواب۔ اگر کسی نے حج سے پہلے عمرہ کا احرام باندھا پھر عمرے کیلئے کم چکر طواف کیا یعنی چار سے کم پھر حج کا مہینہ داخل ہو گیا بقیہ اس نے اس مہینے میں ادا کیا تو وہ متمتع ہو جائیگا لیکن اگر کسی نے حج کے مہینہ سے پہلے زیادہ چکر کاٹ لیے تو متمتع نہیں ہوگا۔

صفحہ 104

س 45 حج کے مہینے کون کون سے ہیں؟

جواب. شوال اور ذوالقعدہ کے دو مہینے اور ذوالحجہ کے ابتدائی دس دن حج کے مہینے میں شامل ہیں۔

صفحہ 104

س 46 کیا حج کے مہینوں سے پہلے حج کا احرام باندھنا درست ہے

جواب جس نے حج کے مہینوں سے پہلے حج کا احرام باندھا وہ محرم تو ہو جائیگا مگر ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

صفحہ 104

سوال نمبر 47 ۔ وَلَوْ اِعْتَمَر کوفی فیھا .... الخ اس عبارات کی وضاحت کریں

جواب 1۔ یہاں سے یہ بتا دیتے ہیں کہ کسی کوفی (آفاقی) نے حج کے مہینے میں عمرہ کیا پھر مکہ یا بصرہ میں مقیم ہوگیا پھر اسی سال حج ادا کیا تو وہ متمتع ہوگیا

2۔ لیکن اگر اس نے عمرہ کو توڑ دیا پھر وہ مکہ یا بصرہ میں مقیم رہا پھر حج کے مہینے میں اس عمرے کی قضاء کی اور حج بھی ادا کیا تو متمتع نہیں ہوگا

3۔ اور اگر عمرہ فاسد کرکے واپس گھر آگیا پھر حج کے مہینے میں گیا تو عمرہ اور حج کیا تو پھر متمتع ہوجائیگا

4۔ اگر متمتع نے حج و عمرہ میں سے کسی ایک کو فاسد کردیا تو جسکو فاسد کیا اسکے افعال ادا کرے کیونکہ افعال ادا کیے بغیر احرام سے نہیں نکل سکتا

اس صورت میں اس پر حج تمتع کا دم لازم نہیں ہوگا البتہ فساد اور جنایت کا دم لازم آئیگا۔

صفحہ 104

س سوال نمبر 48 تمتع کے شکرانے کے بدلے اگر عید کی قربانی کرلی تو کیا درست ہے؟

جواب

اگر حج تمتع کرنے والے نے بقرہ عید کے دن قربانی کی نیت سے قربانی کا جانور ذبح کیا دمِ تمتع کیطرف سے کافی نہیں ہوگا کیونکہ اس نے قربانی کی ہے اور دمِ تمتع بطور شکرانے کے واجب ہے۔

صفحہ 105

س سوال نمبر 49۔ اگر احرام باندھنے کے بعد عورت کو حیض آیا تو عورت کیلئے حکم شرعی کیا ہے؟

جواب اگر عورت کو احرام باندھنے کے وقت حیض آگیا تو وہ احرام باندھ لے بقیہ حج کے افعال ادا کرے مگر طواف نہیں کر سکتی

اور اگر کسی کو طواف صدر کے وقت حیض آجائے تو وہ طواف صدر چھوڑ کر گھر جا سکتی ہے اس پر کچھ بھی لازم نہیں ہوگا۔

نوٹ نفاس والی عورت مذکورہ احکام میں حائضہ کی طرح ہے

صفحہ 105

ماشاءاللہ اللھم زد فزد

2022

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صلی اللہ علی محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

(15)

## باب الجنایات

سوال نمبر ۲: جنایت کا لغوی و اصطلاحی معنی اور جنایت کی اقسام بیان کریں

جواب: جنایت کا لغوی معنی "جرم کرنا" ہے

جنایات "جنایۃ" کی جمع ہے جس کا معنی شرعاً حرام فعل ہے خواہ وہ مال میں ہو یا نفس میں ہو یہاں پر مراد اس فعل کا نام ہے جو احرام یا حرم کے سبب حرام ہو

صفحہ ۱۰۵

## جن صورتوں میں دم واجب ہوگا۔

1۔ مکمل عضو پر خوشبو لگانا
2۔ سر پر حنا مہندی لگانا
3۔ زیتون کا تیل لگانا
4۔ دن کا اکثر حصہ سلا ہوا کپڑا پہننا
5۔ ایک چوتھائی سر کا حلق کرانا
6۔ داڑھی کٹوانا
7۔ گردن کے بال کٹوانا
8۔ بغل کے بال کاٹنا
9۔ پچھنے لگوانا
10۔ ہاتھ یا پاؤں کے مکمل ناخن کاٹنا
11۔ کسی نے اپنی بیوی کو بوسہ دیا یا چھوا شہوت کے ساتھ انزال ہو یا نہ ہو
12۔ سبیلین میں سے کسی ایک میں وقوف عرفات سے پہلے جماع کیا۔
13۔ محرم نے حلق کرانے کے بعد جماع کیا بشرطیکہ طواف کا اکثر حصہ ادا کر لیا ہو۔
14۔ طواف زیارت بے وضو کیا۔
15۔ طواف زیارت کے چار چکر سے کم چھوڑے پھر اسکے بعد کوئی طواف نہ کیا ہو
16۔ طواف صدر کے اکثر چکر چھوڑ دیے۔
17۔ جنبی حالت میں طواف صدر ادا کیا
18۔ عمرے کا طواف و سعی بے وضو کیا
19۔ مکمل سعی کو چھوڑ دیا یا اکثر چکر چھوڑ دیے
20۔ یوم عرفہ کو مغرب سے پہلے عرفات سے چلا گیا
21۔ مزدلفہ میں وقوف ترک کیا۔
22۔ جمرات کی رمی چھوڑ دی خواہ ایک جمرہ کی رمی ہو۔
23۔ طواف زیارت کو مؤخر کیا
24۔ حل میں حلق کر دیا

مذکورہ 24 (چوبیس) صورتیں ایسی ہیں جنکو کرنے سے ایک دم واجب ہے

## جن صورتوں میں بدنہ واجب ہوگا۔

1۔ وقوف عرفات کے بعد حلق کرانے سے پہلے جماع کیا۔
2۔ جنبی حالت میں طواف رکن (زیارت) کیا۔

صفحہ 105-109

## جن صورتوں میں صدقہ واجب ہوگا۔

1) کامل عضو سے کم پر خوشبو لگائی  2) ایک دن یا رات سے کم سلا ہوا کپڑا پہنا

3) ایک دن سے کم سر چھپایا  4) چوتھائی سر سے کم حلق کرایا

5) پانچ ناخن سے کم کاٹے (ہر ناخن کے بدلے ایک صدقہ)

6) حلال شخص کی مونچھیں کاٹی

7) طواف قدوم یا طواف صدر محدث حالت میں کیا

8) طواف صدر کے چار سے کم چکر چھوڑ دیئے۔

## جن صورتوں میں دو دم واجب ہونگے

1) طواف رکن حالت حدث میں کیا

2) قارن نے ذبح سے پہلے حلق کرالیا۔

## جن صورتوں میں کچھ بھی واجب نہیں ہوگا۔

1) عورت کی شرمگاہ کی طرف شہوت سے دیکھا اگرچہ انزال ہو جائے

2) ٹوٹے ہوئے ناخن کو کاٹنا

## جس صورت میں حج فاسد ہو جاتا ہے۔

وقوف عرفات سے پہلے سبیلین میں سے کسی ایک میں جماع کرلیا

## جس صورت میں حج فاسد نہیں ہوتا۔

وقوف عرفات کے بعد جماع کیا تو حج فاسد نہیں ہوگا۔

## جس صورت میں عمرہ فاسد ہو جاتا ہے۔

عمرہ کے اکثر چکر لگانے سے پہلے جماع کرلیا۔

## جس صورت میں عمرہ فاسد نہیں ہوتا۔

عمرے کے اکثر چکر کاٹنے کے بعد جماع کیا تو عمرہ فاسد نہیں ہوگا۔

09-03-2022

صفحہ ۱۰۹-۱۰۵

Scanned with CamScanner

(18)

صلى اللہ علی محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

فصل = اِنْ قَتَلَ مُحْرِمٌ صیداً

سوال نمبر 56 حرم کا شکار قتل کرنے یا قتل پر دلالت کرنے کا کیا کفارہ ہے؟

جواب

اگر محرم نے شکار کیا یا پھر کسی کی رہنمائی کی شکار کرنے پر اس صورت میں اس جگہ کے مطابق دو عادل شخص اس شکار کی قیمت بتائیں گے وہ انکو بطور جزاء دینی ہوگی

صفحہ 109

سوال نمبر 57 اگر کفارہ کی قیمت دم (بکری) کی قیمت کے برابر نہ ہو تو کیا حکم ہے؟

جواب

اب دیکھا جائیگا کہ اگر کفارہ کی قیمت بکری کے برابر ہے تو پھر بکری خرید کر حرم میں ذبح کریگا اور اگر بکری کی قیمت سے کم ہو تو پھر گندم خرید کر ہر مسکین کو ایک صدقہ (نصف صاع گندم) دے یا پھر ہر ایک مسکین کے بدلے ایک روزہ رکھ لے

اور اگر نصف صاع (ایک صدقہ کی قیمت) سے کم بچ گیا تو اس صورت میں اسکو اختیار ہے چاہے تو وہی صدقہ کر دے یا پھر اسکے بدلے ایک روزہ رکھ لے۔

صفحہ 110

سوال نمبر 58 جانور کے پر اکھیڑنے، عضو کاٹنے، ٹانگیں کاٹنے، انڈا توڑنے اور چوزہ نکالنے کا کیا کفارہ ہے؟

جواب

اگر محرم نے کسی شکار کو زخمی کیا یا بال اکھیڑ دے یا کوئی عضو کاٹ دیا تو اس صورت میں شکار کی قیمت میں جو کمی آئی وہ ادا کرنا ہوگی اور اگر پرندے کے پر کاٹ دیئے یا شکار کی ٹانگیں توڑ دیں یا انڈہ توڑ دیا اور اس سے مردہ بچہ نکل آیا تو ان صورتوں میں شکار کی مکمل قیمت دینی ہوگی

صفحہ 110

سوال نمبر ۵۹۔ کیا کچھ ایسے بھی پرندے، جانور یا کیڑے مکوڑے ہیں جنکو حالتِ احرام میں مارنا حلال ہے؟

جواب جی ہاں اگر محرم درج ذیل چیزوں کو مارے تو کچھ بھی واجب نہیں

کوّا چیل سانپ بچھو چوہا

کاٹنے والا کتا مچھر چیونٹی پسّو چیچڑی

اور کچھوا وغیرہ۔

اور اگر جوں اور ٹڈی کو مار دیا تو جتنا چاہیے صدقہ کردے

صفحہ 110

سوال نمبر 60 بکری، گائے اور مرغی کو احرام میں ذبح کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب اگر کسی محرم نے گائے، بکری اور مرغی کو ذبح کیا تو اس پر کچھ لازم نہیں کیونکہ یہ گھریلو جانور ہیں۔

صفحہ 111

سوال نمبر 61 حلال کا ذبیحہ محرم اور محرم کا ذبیحہ حلال شخص کھا سکتا ہے!

جواب اگر غیر محرم (حلال) نے شکار کیا تو اس ذبیحہ کو محرم کھا سکتا ہے
لیکن اگر اس محرم نے وہی شکار کرنے پر اسکی رہنمائی کی ہو تو نہیں کھا سکتا
اور اگر محرم نے شکار کیا تو اسکا ذبیحہ (اس کیلئے) مردار ہے اسکا کھانا حلال نہیں
اگر محرم نے کھا بھی لیا تو اس صورت میں اُسکو اسکا تاوان دینا ہوگا۔
اور اگر مذکورہ ذبیحہ میں سے کسی دوسرے محرم نے کھا لیا تو اس پر کچھ واجب نہیں۔

س 62 جو شکار کے ساتھ حرم میں داخل ہوا اسکیلئے کیا حکم ہے؟

جواب۔ جو شخص شکار کر کے پھر حرم میں داخل ہوا تو اب اُسکو چھوڑ دیگا اور اگر اسکی بیع کر دی تو بیع رد ہو جائیگی جب وہ شکار موجود ہو اور اگر وہ شکار حرم میں مر گیا تو جزاء واجب ہوگی۔ اور اگر گھر سے پنجرے میں شکار لایا ہے تو اُسکو نہ چھوڑے

صفحہ 112

سوال نمبر 63 - حرم شریف کی گھاس یا درخت کاٹنے کا کیا حکم ہے؟

جواب

اگر کسی نے حرم کی گھاس کاٹی یا ایسا درخت کاٹا جو کسی کی ملک نہیں بلکہ خود اُگا ہو تو اسکی قیمت ادا کرنا ہوگی مگر اذخر نامی گھاس کو کاٹ سکتے ہیں اس میں کوئی حرج نہیں۔

صفحہ 112

سوال نمبر 64 اگر دو محرم ملکر کسی جانور کا شکار کریں تو جزاء کس پر ہوگی؟

جواب۔

اگر دو محرم ملکر کسی جانور کا شکار کریں دو دونوں پر مکمل مکمل جزاء ہوگی کیونکہ دونوں محرم ہیں اسلیئے جزاء بھی متعدد

صفحہ 113

سوال نمبر 65 محرم اگر شکار کی بیع و شراء کرے تو کیا حکم ہوگا؟

جواب

محرم نے اگر شکار کی بیع و شراء کی تو یہ بیع باطل ہے۔

صفحہ 113

سوال نمبر 66 - وَمَنْ أَخرجَ ظبيّةَ الحرم فولدت...الخ

مسئلہ کی وضاحت کریں۔

اگر کسی نے ہرن کو حرم سے باہر نکال دیا اس ہرن نے حرم کے باہر بچہ جنا پھر وہ دونوں مر گئے تو اس پر دونوں کی جزاء واجب ہونگی مگر ہاں۔ اس نے جزاء پہلے ادا کردی پھر ہرن نے بچہ جنا پھر وہ دونوں مر گئے تو اس پر وہی جزا ہوگی جو اس نے ادا کردی

صفحہ 113

ابو باقر محمد صابر سعیدی
جامعۃ المدینہ نواب شاہ
0307-5495628..
0314-7155140

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صلی اللہ علی محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

## باب مجاوزۃ الوقت بغیر احرام۔

سوال نمبر 67۔ کیا بغیر احرام میقات سے گزرنا جائز ہے؟ اور اگر گزرا تو کیا حیلہ ہے کہ دم ساقط ہو جائے؟

جواب۔

اگر کوئی شخص احرام باندھے بغیر میقات سے گزر گیا تو اس پر دم واجب ہوگا۔
لیکن اگر وہ احرام باندھ کر تلبیہ کہتے ہوئے واپس میقات کی طرف لوٹ آیا یا پھر بغیر احرام کے میقات سے گزرنے کے بعد پھر حج یا عمرہ کا احرام باندھا اسکے بعد حج یا عمرہ کو فاسد کر دیا پھر نئے سرے سے میقات سے احرام باندھ حج یا عمرہ کی قضاء کی تو دونوں صورتوں میں دم ساقط ہو جائیگا

صفحہ 113

س 68 کیا آفاقی مکہ میں بغیر احرام کے داخل ہو سکتا ہے؟

جواب۔

اگر آفاقی کسی حاجت کی وجہ سے بنی عامر کے باغ میں داخل ہو گیا تو اسکیلئے مکہ میں بغیر احرام کے داخل ہونا جائز ہے اور اسکی میقات وہی باغ ہوگا۔

صفحہ 114

سوال نمبر 69۔ وَمَنْ دَخَلَ مَكَّةَ بِلَا إِحْرَامٍ ثُمَّ حَجَّ۔ عبارت کی وضاحت کریں؟

جواب۔ یہاں سے یہ بتانا چاہ رہے ہیں کہ اگر کوئی شخص مکہ مکرمہ میں بغیر احرام کے داخل ہوا اس پر حج یا عمرہ لازم ہو گیا پھر اس نے اُسی سال احرام باندھ کر حج یا عمرہ ادا کر لیا تو صحیح ہے۔
اور اگر اس نے اگلے سال حج یا عمرہ کیا تو یہ حج و عمرہ پہلے والے کیلئے کافی نہیں ہوگا۔

صفحہ 114

# باب اضافۃ الاحرام إلى الإحرام ۔

سوال نمبر 70۔ مکی طاف شوطاً: عمرہ کا طواف مکمل کیے بغیر اگر حج کا احرام باندھ لیا تو کیا حکم ہے؟

جواب

مکی شخص نے عمرے کے اقل چکر طواف کیے پھر حج کا احرام باندھ لیا یعنی حج کے احرام کی نیت کرلی تو اس پر حج کو توڑ دینا واجب ہے کیونکہ مکی کیلئے ان دونوں کو جمع کرنا جائز نہیں پھر حج کو توڑنے کے سبب ایک دم واجب ہوگا اور حج و عمرہ کی قضاء بھی لازم ہوگی لیکن اگر وہ حج و عمرہ دونوں کو جاری رکھتا ہے تو یہ بھی صحیح ہے مگر ان کو جمع کرنے کی وجہ ایک دم لازم ہوگا۔ صفحہ 114

سوال نمبر 71 وَمَنْ أَحْرَمَ بِحَجٍّ ثُمَّ بِآخَرَ: حج کے دوران نحر کے دن اگر دوسرے حج کا احرام باندھ لیا تو کیا حکم ہے؟

جواب

اگر کسی نے حج کا احرام باندھا پھر نحر کے دن دوسرے حج کا احرام باندھ لیا اگر اس نے پہلے حلق کر لیا تھا پھر تو اس پر دوسرا حج لازم ہوجائیگا اور اس پر کوئی دم واجب نہیں ہوگا۔

اور اگر اس نے پہلے حج کیلئے حلق نہیں کر رکھا تھا مگر دوسرے کا احرام باندھ لیا تو دوسرا حج لازم ہوگا اور ایک دم بھی واجب ہوجائیگا

صفحہ 115-116

سوال نمبر 72۔ عمرہ میں تقصیر سے پہلے اگر دوسرے عمرے کا احرام باندھ لیا تو کیا حکم ہے؟

جواب۔ اگر کوئی شخص تقصیر کے علاوہ بقیہ تمام افعالِ عمرہ ادا کرنے کے بعد دوسرے عمرے کا احرام باندھ لیا تو اس پر دم واجب ہوجائیگا دو عمروں کو جمع کرنے کے سبب ۔

صفحہ 115

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 73۔ دورانِ حج، حج کی ادائیگی سے پہلے اگر عمرہ کا احرام باندھ لیا تو کیا حکمِ شرعی ہے؟

جواب

اگر کسی نے حج کا احرام باندھا پھر افعالِ حج ادا کرنے سے پہلے عمرہ کا احرام باندھ لیا تو پھر وقوفِ عرفات کیا

سوال نمبر 74۔ اگر حج کیلئے طواف قدوم کیا پھر عمرے کا احرام باندھ لیا تو کیا حکم ہے؟

جواب اگر کسی نے طواف قدوم کرنے کے بعد عمرے کا احرام باندھ لیا پھر دونوں کو اسطرح ادا کیا افعالِ عمرہ کو افعالِ حج پر مقدم کیا تو صحیح ہوگا اور جمع کرنے کی وجہ سے ایک دم واجب ہوگا۔ اور اگر عمرہ کو چھوڑ دے تو بہ مستحب ہے۔

صفحہ 111

سوال نمبر 75۔ اگر نحر کے دن عمرے کا احرام باندھا تو کیا حکم ہے؟

جواب۔ اگر نحر کے دن عمرے کا احرام باندھا تو اس سے اس پر عمرہ لازم ہو جائیگا اور عمرے کو چھوڑنا لازم ہوگا اور اسکا دم اور قضاء بھی لازم ہوگی اور اگر نہ چھوڑا بلکہ مکمل کیا تو بھی عمرہ ہو جائیگا مگر دم واجب ہوگا۔

صفحہ 112

سوال نمبر 76۔ جسکا حج فوت ہوگیا اور اس نے عمرہ کا احرام باندھ لیا اُسکو کیا کرنا چاہیے؟

جواب

اگر کسی کا حج فوت ہوگیا پھر اس نے عمرہ یا حج کا احرام باندھ لیا تو دوسرے حج یا عمرہ کو ترک کر دے پھر وہ اسکی قضاء کرے۔

صفحہ 115

ماشاء اللہ اللھم زد فزد

09-03-2022

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم
صلی اللہ علی محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

(24)

# باب الاحصار

س 77 احصار کا لغوی اور شرعی معنی تحریر کریں

جواب۔ احصار کا لغوی معنی "روکنا"

شرعی معنی۔ دشمن کے خوف یا مرض کے سبب وقوف عرفات اور طواف زیارت سے رک جانا

احصار کی قربانی کا تعلق یوم نحر سے ہے یا یوم حرم سے؟
احصار کی قربانی کا تعلق حرم سے ہے نا کہ یوم النحر سے۔
صفحہ 115-16

سوال نمبر 78۔ اگر محصر قارن ہو تو کیا اسکیلئے بھی وہی حکم ہے جو مفرد کا ہے؟
جواب نہیں ایک جیسا حکم نہیں ہے مفرد کیلئے تو یہ حکم ہے کہ آزاد ہونے کیلئے حرم کی طرف کسی طریقے سے بکری یا اسکا ثمن بھیجے پھر ثمن سے وہاں بکری خریدی جائے تو بکری حرم میں ذبح کریگا تو یہ شخص حلال ہو جائیگا مگر قارن کیلئے ہے کہ وہ دو بکری بھیجے گا۔ صفحہ 116

سوال نمبر 79۔ اگر کسی نے حج کی قربانی مکہ بھیجی اسکے بعد اب وہ حج و عمرہ پر قادر ہو گیا تو کیا کریں؟ نیز بتائیں کیا وقوف عرفہ کے بعد احصار ممکن ہے اور کیا مکہ میں آدمی محصر ہو سکتا ہے؟
جواب
اگر کسی محصر نے کسی کے ہاتھ ھدی بھیجا اس کے بعد وہ حج و عمرہ پر قادر ہو گیا تو اگر وہ جان لے کہ اتنا وقت ہے کہ میں حج و عمرے کو پالوں گا تو اسکا جانا لازم اور اگر نہیں پاسکتا تو اسکا جانا بھی لازم نہیں
اور وقوف عرفہ کے بعد احصار ممکن نہیں ہے
اور جیسے مکہ میں دو رکنوں (وقوف عرفات اور طواف زیارت) سے روک دیا گیا ہو تو یہ شخص محصر کہلائے گا۔
اور اگر مذکورہ دو رکنوں میں سے ایک کو کرنے پر قادر ہو تو محصر نہیں کہلائے گا۔
صفحہ 116

صلی اللہ علی محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم



## باب الفوائت

سوال نمبر 80 ۔ احرام باندھنے کے بعد اگر کسی کا حج فوت ہوگیا تو کیا کریں؟ نیز عمرہ کا وقت بتائیں اور کیا عمرہ بھی فوت ہو سکتا ہے؟

جواب: جس نے حج کا احرام باندھ لیا۔ پھر وقوف عرفہ کے فوت ہونے سے حج فوت ہوگیا تو اس کو چاہیے کہ وہ عمرہ کرکے اپنے آپ کو حلال کر دے پھر وہی حج اگلے سال بغیر دم کے ادا کرے گا
عمرہ کا وقت یوم نحر، عرفہ اور تشریق کے دن کے علاوہ جب چاہے عمرہ کر لے مگر مذکورہ پانچ دنوں میں عمرہ کرنا مکروہ تحریمی ہے

صفحہ 116

سوال نمبر 81 ۔ عمرہ کن ایام میں مکروہ ہے؟
جواب پانچ دنوں میں عمرہ کرنا مکروہ ہے
1۔ یوم نحر 2۔ یوم عرفہ (3،4،5) ایام تشریق کے تین دن

صفحہ 117

## باب الحج عن الغیر

سوال نمبر 82 ۔
نیابت کونسی عبادت میں ہو سکتی ہے؟ اور کونسی میں نہیں نیز نیابت کی شرط کیا ہے؟

جواب
مالی عبادت میں عجز اور قدرت کے وقت نیابت کافی ہوتی ہے اور بدنی عبادت میں کسی حالت میں نیابت درست نہیں
اور مالی اور بدنی سے مرکب عبادت صرف عجز کے وقت نیابت درست ہوگی نیابت کی شرط دائمی عجز کا ہونا موت کے وقت تک۔

صفحہ 117

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 83 - اگر کسی نے دو لوگوں کی طرف سے حج بدل کا احرام باندھا کیا درست ہے؟ اور یہ بھی بتائیں کہ احصار کا دم عامر پر ہے یا محمود پر ہے

جواب

اگر کسی نے دو شخصوں کی طرف سے احرام باندھا تو حج ان دونوں کی طرف سے نہیں ہوگا بلکہ مامور کی طرف سے ادا ہوگا اور مامور ان کے نفقہ کا ضامن ہوگا۔ اور احصار کا دم آمر پر ہوگا اور حج قران اور جنایہ کا دم مامور پر ہوگا۔ صفحہ 118

سوال نمبر 84 - اگر حج بدل کرنے والا راستے میں فوت ہو جائے تو اُس حج کا کیا حکم ہے؟

جواب۔

اگر حج بدل کرنے والا راستہ میں مر جائے تو اسکے گھر والوں میں سے کوئی اسکی وراثت کے تہائی مال سے حج ادا کریگا

---

اگر کسی نے والدین کی طرف سے احرام باندھا پھر اگر وہ معین کرلے اُن میں سے کسی ایک کو تو پھر درست ہے۔

نوٹ

حج بدل صرف فرض حج میں کیا جاتا ہے

یعنی فرض حج کیلئے نائب بنا سکتے ہیں مگر نفل حج کیلئے نہیں۔

صفحہ 118

حافظ صابر حسین حیدری
خزفی بہاولپوری مانشہرہ
عفا عنہ الباری
0307-5495628
0314-7155140

ماشاءاللہ العلم زد فزد زد
09-03-2022

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
صلی اللہ علی محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین



صلی اللہ علی محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# باب الھدی۔

سوال نمبر 85 ھدی کی تعریف اور اسکی اقسام بیان کریں۔

جواب۔ ثواب کی نیت سے جو جانور حرم کی طرف بھیجے جائیں اسے ھدی کہتے ہیں۔

ھدی کی اقسام۔
ھدی کی تین اقسام ہیں۔
1- اونٹ 2- گائے 3- اور بکری (یہ ھدی کی ادنی قسم ہے)
صفحہ 118

سوال نمبر 86۔ ھدی کی شرائط بیان کریں نیز بتائیں کہ ھدی کے جانور کا گوشت کھانا کیسا؟

جواب
جسطرح کا جانور اضحیہ میں ذبح کرنا جائز ہے وہی جانور ھدی بھی بن سکتا ہے یعنی جو شرائط اضحیہ کیلئے لازم ہیں وہی شرائط ھدی کی ہیں۔
نفلی حج، دمِ تمتع اور قران کے ھدی کو کھانا مستحب ہے کیونکہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے اسکا کھانا ثابت ہے صفحہ 118

سوال نمبر 87۔ وہ کتنی اور کونسی صورتیں ہیں کہ جن میں بکری کو ھدی بنانا جائز نہیں؟
جواب۔ دو صورتیں ایسی ہیں جس میں بکری کو بطور ھدی دینا جائز نہیں
1- طواف زیارت جنبی حالت میں کرلے
2- وقوف عرفہ کے بعد حلق کرانے سے پہلے محرم جماع کرلے
نوٹ مذکورہ دونوں صورتوں میں اونٹ کو ھدی بنایا جائیگا۔
صفحہ 118

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 88 ھدی کا ذبح کرنا حرم کے ساتھ خاص ہے یا یوم النحر یا فقیر کے ساتھ؟

جواب ۔ حج تمتع اور قران کا ھدی صرف یوم النحر کے ساتھ خاص ہے ۔
اور باقی تمام حرم کے ساتھ خاص ہیں نا کہ حرم کے فقیر کے ساتھ

صفحہ 119

سوال نمبر 89 کیا ھدی کے جانور کو میدان عرفہ میں لانا ضروری ہے؟ نیز یہ بھی بتائیں کہ اسکی جھول اور لگام کا کیا کیا جائیگا؟

جواب

ھدی کے جانور کو عرفات میں لانا لازم نہیں ہے
اسکی جھول اور لگام کو صدقہ کیا جائیگا اور قصاب کو اجرت اس میں سے نہیں دی جاسکتی ۔ اور نہ ہی ھدی سے کوئی نفع لیا جاسکتا ہے

صفحہ 119

سوال نمبر 90 اگر ھدی ھلاک یا عیب دار ہوجائے تو اسکا کیا حکم ہے؟

جواب ۔ جو ھدی ساتھ لے گیا پھر وہ راستے میں ہلاک ہوگیا اگر نفلی ہے تو کچھ واجب نہیں اور اگر واجب تھا تو اسکے قائم مقام ھدی دینا ہوگا ۔
اور اگر عیب دار ہوجائے تو اس نفلی ھدی کو ذبح کریگا پھر اسکے کھر (پاؤں) کو اسکے خون سے رنگ دے اور اسکے پہلو پر خون مار دے اور وسکو غنی نہیں کھا سکتا صرف فقیر ہی کھائیں گے ۔

صفحہ 119

سوال نمبر 91 بدنہ کو قلادہ (پٹہ) پہنانا کیسا؟

جواب نفل ، حج تمتع اور قران کے بدنہ کو قلادہ پہنانا جائز ہے
مگر اسکے علاوہ کو نہیں پہنا سکتے ۔

صفحہ 120

---

ab. Sikhue
12-03-2022

# مسائل منثورہ (متفرق مسائل)

سوال نمبر 92۔
وقوف عرفہ کے بارے میں کب گواہی قبول کی جائیگی اور کب نہیں؟

جواب۔ اگر لوگوں نے عرفات کے دن سے پہلے گواہی دی کہ ایک دن پہلے وقوف کر لیا تو گواہی قبول کی جائے گی اور وقوف دوبارہ کرنا ہوگا اور اگر یوم عرفہ کے بعد گواہی دی کہ لوگوں نے دس (10) ذوالحج کو وقوف عرفہ کیا ہے تو پھر گواہی قبول نہیں کی جائیگی۔
صفحہ 120

سوال نمبر 93 اگر کسی نے دوسرے دن (11 ذوالحج) کو جمرہ اولیٰ کی رمی چھوڑ دی تو کیا حکم ہے؟

جواب۔
اگر دوسرے دن جمرہ اولیٰ کی رمی چھوڑ دی پھر اسکا اسی دن اعادہ کرنا چاہ رہا ہے تو تینوں جمرات کی رمی کریگا یا پھر چاہے تو صرف جمرہ اولیٰ کی رمی کر لے۔

سوال نمبر 94۔ اگر کسی نے پیدل چل کر حج کرنے کی نذر مانی تو اسکا حکم بیان کریں۔
جواب۔ اگر کسی نے منت مانی کہ وہ پیدل چل کر حج کریگا تو اس پر واجب ہے کہ پیدل حج کرنا وہ اس وقت تک سوار نہیں ہوگا جب تک طواف رکن (طواف زیارۃ) ادا نہ کر لے۔

سوال نمبر 95۔ اگر کسی نے محرمہ باندی خریدی تو کس صورت میں اس سے جماع کر سکتا ہے؟
جواب۔ اس باندی کو احرام سے حلال کرائے پھر اس سے جماع کر سکتا ہے
صفحہ 120

ماشاءاللہ اللھم زد فزد
09-03-2022

کتاب الحج مکمل

★★★

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ
وعلیٰ آلک واصحابک یاحبیب اللہ

صلی اللہ علیٰ محمد
صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

# کتاب النکاح.

سوال نمبر 96
نکاح کی لغوی اور اصطلاحی تعریف بیان کریں
جواب نکاح کا لغوی معنیٰ "ملانا" ہے
اصطلاحی تعریف
نکاح وہ ایسا عقد ہے جو مِلکِ متعہ پر قصداً وارد ہوتا ہے.
صفحہ 121

سوال نمبر 97۔ نکاح کرنے کا حکم بیان کریں.
نکاح کا حکم تین طرح کا ہے
1۔ سنّتِ مؤکدہ.
جب مہر نفقہ اور وطی پر قدرت رکھتا ہو
2۔ واجب
جب شہوت کا غلبہ ہو تو نکاح کرنا واجب ہے
3۔ مکروہ
جب گناہ کرنے کا خوف ہو اور فرائض و سنّت کے ترک کا خوف ہو۔
صفحہ 121

سوال نمبر 98 نکاح کے کتنے اور کون کونسے ارکان ہیں؟
جواب. نکاح کے دو رکن ہیں. 1 ایجاب 2. قبول

سوال نمبر 99۔ کن کن الفاظ سے نکاح منعقد ہو سکتا ہے؟
جواب
نکاح ایجاب وقبول کے ساتھ منعقد ہوتا ہے جب وہ دونوں یا ایک صیغہ ماضی کا ہو اور نکاح درست ہوتا ہے لفظ نکاح، تزویج اور ان الفاظ سے جو تملیکِ عین کیلئے وضع کیئے گئے ہوں فی الحال.

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 100 نکاح کی شرائط بیان کریں۔

جواب۔ نکاح کیلئے شرط یہ ہے کہ دو گواہوں کی موجودگی میں ہوگا اس گواہ میں مندرجہ ذیل شرائط پایا جانا لازمی ہے

دو آزاد مرد ہوں یا ایک آزاد مرد اور دو آزاد عورتیں ہوں

مسلمان ہوں

بالغ ہوں

وہ عاقل ہوں

اگرچہ وہ فاسق، محدود فی القذف یا اندھے ہو یا عاقدین کے بیٹے ہوں

صفحہ 121

سوال نمبر 101۔ ومن امر رجلاً أن یزوج ...... وإلا لا۔ نفس مسئلہ واضح کریں۔

جواب اگر کسی شخص نے چھوٹی بچی کا نکاح کرنے کیلئے کسی کو وکیل بنایا اب اس وکیل نے اسکا نکاح ایک گواہ کی موجودگی میں کیا اگر باپ بھی موجود تھا تو نکاح ہو جائیگا اور اگر باپ موجود نہیں تھا تو نہیں ہوگا۔

صفحہ 122

## فصل فی المحرمات

سوال نمبر 102۔ وہ کونسی عورتیں ہیں جن سے نکاح حرام ہے؟

جواب۔

1- ماں (جدات) 2- بیٹی (بنات)

3- بہن 4- بھانجی 5- بھتیجی

6- پھوپھی 7- خالہ 8- ساس

9- بیوی کی بیٹی (اگر بیوی سے دخول کر چکا ہو) 10- باپ کی بیوی

11- بہو 12- دو بہنوں کو ایک نکاح میں جمع کرنا

13 ایک بہن سے نکاح کرنا اور دوسری بطور لونڈی وطی کرنا

مذکورہ تمام صورتوں میں نکاح حرام ہے۔

یہ تمام کے تمام دودھ کے رشتے سے بھی حرام ہو جاتے ہیں

صفحہ 122

14- مصترہ کی بہن 15- اپنی لونڈی

16- اپنی مالکہ 17- مجوسیہ 18- اور ہندو سے نکاح حرام ہے

صفحہ 123

Scanned with CamScanner

س 103 اگر موطوئہ لونڈی کی بہن سے شادی کی تو کیا حکم ہے؟
جواب مذکورہ صورت میں نکاح تو درست ہو جائیگا مگر جب تک لونڈی کو نہیں بیچے گا ان دونوں سے وطی نہیں کر سکتا۔
صفحہ 123

س 104 وَلَوْ تَزَوَّجَ أُخْتَيْنِ .... نصف المهر۔ نفس مسئلہ بیان کریں
جواب۔ اگر کسی شخص نے دو عقد میں دو بہنوں سے شادی کی اب اسے یہ معلوم نہیں کہ پہلے کس سے عقد کیا تو اس شخص کی دونوں بہنوں سے جدائی کرا دی جائیگی اور اُن کیلئے نصف مہر ہوگا۔
صفحہ 123

س 105 دو محرمہ عورتوں کو ایک نکاح میں جمع کرنے کا اصول بیان کریں
جواب۔ ہر ایسی دو عورتوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے کہ جن میں سے ایک کو مرد فرض کیا جائے تو اسکیلئے دوسری عورت حلال نہ ہو جیسے عورت کو اپنی پھوپھی یا خالہ وغیرہ کے ساتھ جمع کرنا۔ صفحہ 123

س 106 حرمت مصاہرت کے وجوب کے اسباب بیان کریں۔
جواب۔ اگر کسی شخص نے عورت کے ساتھ زنا کیا یا چھوا یا شرمگاہ (فرج داخل) کی طرف شہوت کے ساتھ دیکھا تو حرمت مصاہرت ثابت ہوجاتی ہے
صفحہ 123

سوال نمبر 107 حرمت مصاہرت کسے کہتے ہیں؟
جواب۔ دامادی رشتہ کی وجہ سے جو حرمت ثابت ہو اسے حرمت مصاہرت کہتے ہیں۔

س 108 غلام یا آزاد مرد ایک وقت میں کتنے نکاح کر سکتا ہے؟
جواب۔ آزاد مرد ایک وقت میں چار نکاح کر سکتا ہے
غلام ایک وقت میں دو نکاح کر سکتا ہے۔
صفحہ 124

Scanned with CamScanner

س ۱۰۹ کس صورت میں حاملہ سے نکاح کرنا جائز ہے؟
جواب۔ جو عورت زنا سے حاملہ ہوئی ہو اس سے نکاح جائز ہے مگر وضع حمل تک وطی نہیں کر سکتا
اور اگر کوئی عورت اپنے زوج سے حاملہ ہوئی تو اس سے حمل کی حالت میں نکاح درست نہیں ہے۔
صفحہ 124

س ۱۱۰ آزاد پر لونڈی سے یا لونڈی پر آزاد سے نکاح کا حکم بیان کریں
جواب۔ آزاد کا نکاح میں ہوتے ہوئے لونڈی سے نکاح درست نہیں لونڈی نکاح میں موجود ہو تو آزاد سے نکاح کرنا درست ہے
صفحہ 124

س ۱۱۱ وَالْمَوْطُوْءَةُ بِمِلْكِ أَوْ..... والمسمّٰی لَهَا نفیس مسئلہ بیان کریں
جواب۔ اگر مالک نے اپنی لونڈی سے وطی کی پھر دوسرے شخص سے اسکا نکاح کرا دیا تو جائز ہے۔

س ۱۱۲ نکاح متعہ و مؤقت کی تعریف اور حکم بیان کریں
جواب۔ کوئی شخص کسی عورت سے کہے کہ اتنی مدت اتنے مال کے عوض نفع اٹھاؤں گا بغیر گواہوں کے پھر عورت نے قبول کر لیا تو یہ نکاح متعہ ہے
حکم نکاح متعہ باطل ہے۔
مؤقت۔ کوئی شخص گواہوں کی موجودگی میں مقررہ وقت تک نکاح کرے تو نکاح مؤقت ہوگا۔ یہ بھی باطل ہے
صفحہ 125

س ۱۱۳ وَلَهُ وطء إِمْرَأَةٍ ..... لم يكن تزوجها۔ عبارت کی وضاحت کریں
جواب۔ کسی عورت نے مرد پر نکاح کا جھوٹا دعویٰ کیا مگر مرد نے انکار کر دیا حالانکہ مرد نے شادی نہیں کی تھی عورت نے جھوٹی گواہی دی پھر قاضی نے عورت کے حق میں فیصلہ کر دیا تو نکاح نافذ ہو جائیگا صفحہ 125

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ
وعلیٰ آلک واصحابک یاحبیب اللہ

(34)

# باب الأولیاء والأکفاء.

سوال نمبر 114- ولی اور کفوء کے لغوی و اصطلاحی معنیٰ بیان کریں
جواب - اولیاء "ولی" کی جمع اور ولایت سے ماخوذ ہے
اصطلاحی تعریف . حکم کو اپنے غیر پر نافذ کرنا خواہ وہ غیر راضی ہو یا نہ ہو.

أکفاءَ " کفوءَ" کی جمع ہے اسکا معنیٰ "برابری" کے ہیں
اصطلاحی تعریف . مرد، عورت سے نسب، مال، خوبصورتی وغیرہ میں کم نہ ہو

س 115 کس عورت کا نکاح بغیر ولی کی اجازت سے ہوجاتا ہے ہ
جواب - آزاد، عاقلہ، بالغہ عورت کا نکاح اسکی ولی کی اجازت کے بغیر منعقد ہوجاتا ہے.
نوٹ ولی کیلئے جائز نہیں ہے کہ وہ ، عاقلہ، بالغہ عورت کو نکاح پر مجبور کرے.
صفحہ 125

س 116 باکرہ یا ثیبہ کیطرف سے اجازت پر دلالت کرنے والے الفاظ بیان کریں
جواب - اگر باکرہ عورت سے ولی نے اجازت چاہی تو وہ خاموش ہوگئی ، مسکرانے لگی یا رونے لگی
یا اس کو کسی نے خبر دی کہ ولی نے آپکا نکاح کرادیا پھر بھی وہ خاموش رہی تو ان صورتوں میں عورت کی طرف سے اجازت سمجھی جائیگی
اور اگر اجازت کسی غیر ولی نے لی تو پھر اس عورت کا زبان سے اقرار کرنا لازمی ہوگا.
اور اگر ثیبہ سے اجازت مانگی تو اسکی رضامندی کیلئے زبان سے اظہار کرنا ضروری ہے.
صفحہ 125-26

Scanned with CamScanner

س 117 ۔ وَمَنْ زَالَتْ بَكَارَتُهَا ... فَهِيَ بِكْرٌ: عبارت کی وضاحت کریں

جواب ۔ اگر کسی عورت کا پردہ بکارت حیض کے سبب یا کودنے یا زخم یا عرصہ دراز سے بغیر نکاح کے بیٹھے رہنے کے سبب زائل ہوا ہو تو وہ عورت باکرہ کے حکم میں ہے ۔ صفحہ 126

س 118 ولی کون بن سکتا ہے نیز ولایت نکاح کی ترتیب بیان کریں

جواب ۔ سب سے اقرب ولی بیٹا پھر پوتا نیچے تک پھر باپ پھر دادا اوپر تک پھر سگا بھائی پھر علاتی بھائی پھر سگا بھتیجا پھر علاتی بھتیجا پھر سگا چچا پھر علاتی چچا پھر سگے چچا کا بیٹا پھر علاتی چچا کا بیٹا پھر آزاد کرنے والا مولا صفحہ 126

س 119 خیار بلوغ کسے کہتے ہیں؟ اور یہ کب اور کسے حاصل ہے؟ اسکی شرط کیا ہے؟

جواب ۔ وہ اختیار جو نابالغ کو بالغ ہونے پر حاصل ہوتا ہے کہ وہ بلوغت سے پہلے کیے ہوئے نکاح کو فسخ کرے یا قائم رکھے اس میں قاضی کا فیصلہ شرط ہے ۔

س 120 لڑکی اور لڑکے کا خیار بلوغ کے باطل کی کونسی صورت ہے؟

جواب ۔ اگر لڑکی کو بالغ ہونے بعد نکاح کا علم ہوا اور وہ خاموش رہی تو اس صورت میں لڑکی کا خیار بلوغ باطل ہو جائیگا ۔ اور لڑکے کا خیار بلوغ صرف خاموش رہنے سے باطل نہیں ہوگا بلکہ اسکی زبان سے رضامندی کے بعد اسکا خیار بلوغ باطل ہو جائیگا ۔

صفحہ 126

س 121 کس کس کو ولایت حاصل نہیں؟ نیز بتائیں کہ مجنونہ کا اقرب ولی کون ہوگا؟

1 غلام 2 چھوٹا بچہ 3 مجنون 4 اور کافر کو مسلمان عورت پر ولایت حاصل نہیں ۔

مجنونہ کا اقرب ولی بیٹا ہے نا کہ باپ صفحہ 127

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 122 اگر کسی عورت کے عصبہ نہ ہوں تو ولایت کا حق کس کو ہوگا؟
جواب۔ اگر عصبہ نہ ہوں تو ولایت کا حق اسکی ماں کو ہے پھر سگی بہن کو پھر علاتی بہن (باپ شریک) پھر اخیافی بہن، بھائی (ماں شریک) پھر ذوالارحام پھر حاکم کو حق ولایت حاصل ہے۔

س 123 ولی اقرب کی غیر موجودگی میں ولایت کس کو حاصل ہوگی؟ نیز بتائیں کہ غیر موجودگی میں کتنی مسافت کا اعتبار ہے؟
جواب۔ اگر کسی لڑکی کا ولی اقرب غائب ہوگیا تو پھر ولایتِ تزویج ابعد (دادا) کیلئے ثابت ہوگی نکاح کے بعد اگر ولی اقرب واپس لوٹ آئے تو نکاح برقرار رہے گا
غیبت میں مسافت کا اعتبار تین دن، رات ہے۔

صفحہ 127

بسم اللہ الرحمن الرحیم
صلی اللہ علی محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

فصل فی الکفاءۃ

س 124 اگر عورت نے غیر کفوء میں ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کیا تو کیا حکم ہے؟
جواب۔ اگر عورت نے بغیر اجازت ولی کے غیر کفوء میں نکاح کیا تو ولی تفریق کرادے۔ اور اگر بعض ولی رضامند ہوگئے تو سب کی رضامندی مانی جائیگی اور اگر ولی نے حق مہر وصول کر لیا تو اسکی رضامندی سمجھی جائیگی اور اگر خاموش رہا تو رضامندی نہیں سمجھی جائیگی

صفحہ 127

س 125 کفوء کا اعتبار کن چیزوں میں کیا جائیگا؟
جواب کفوء کا اعتبار چھ (6) چیزوں میں کیا جائیگا۔

1. نسب 2. آزاد ہونا 3. مسلمان ہونا
4. دیانت دار 5. مال 6. پیشہ

صفحہ 127+28

سـ 126 وَلَوْ نَقَصَتْ عَنْ مَهْرِ ... بِتَمَامِ مَهْرِهَا بنفس مسئلہ بیان کریں

جواب۔ اس عبارت میں مصنف علیہ الرحمۃ بیان فرما رہے ہیں کہ اگر عورت نے کفوء میں نکاح کیا پھر مہر مثل سے کمی کردی تو ولی کو اختیار ہے کہ ان میں تفریق کرا دے یا شوہر مہر مثل مکمل دیدے۔ صفحہ 128

## فصل

سـ 127 غلام یا لونڈی نے اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کیا تو حکم ہوگا؟

جواب۔ اگر غلام یا لونڈی نے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کیا تو انکا نکاح موقوف رہے گا جب تک آقا اجازت نہ دے دے۔ اور نکاح فضولی کا بھی یہی حکم ہے کہ اگر لڑکی کو خبر ملتے ہی اس نے قبول کر لیا تو نکاح نافذ ورنہ باطل۔ صفحہ 129

سوالنمبر 128 نکاح فضولی کسے کہتے ہیں؟

جواب۔ نکاح فضولی یہ ہے کہ زید نکاح کرا دے ہندہ اور عمرو کا جبکہ ہندہ اور عمر کو معلوم بھی نہ ہو اسے نکاح فضولی کہتے ہیں۔

صفحہ 129

سوالنمبر 129 وَلَا يَتَوَقَّفُ شَطْرُ الْعَقْدِ ...... لَا بِأَمَتِهِ. نفس مسئلہ بیان کریں

جواب۔ نفس مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی نے ایجاب کیا اور قبول کرنے والا اس مجلس میں نہیں بلکہ غائب ہے تو اسکا ایجاب باطل ہوگا۔ ایسے ہی کسی نے وکیل بنایا کہ میری کسی عورت سے شادی کرا دے پھر وکیل نے مخالفت کرتے ہوئے ایک عقد میں دو عورتوں سے شادی کرا دی تو اس شخص پر ان دونوں میں سے کسی ایک کا نکاح بھی لازم نہیں ہوگا۔

صفحہ 129

حافظ صابر حسین حیدری
حنفی سہیلوی مانہ یدی
عفا عنہ الباری

① نکاح شغار کی تعریف آگے ذکر کی گئی ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
صلی اللہ علی محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

# باب المہر

سوال نمبر 130۔

مہر کسے کہتے ہیں؟ نیز مہر کی کم از کم مقدار بیان کریں۔

جواب مہر وہ چیز ہے کہ عقد نکاح یا وطی بشبہہ کے ساتھ عورت اسکی مستحق ہوتی ہے

مقدار کم سے کم دس درہم یعنی دو تولے ساڑھے سات ماشے چاندی

صفحہ 129

سوال نمبر 131 ۔ وہ کونسی صورتیں ہیں جن میں مہر مثل واجب ہوگا؟

جواب۔

1/ مہر ذکر نہ کیا ہو 2/ مہر کی نفی کردی ہو 3/ نکاح شغار میں ①

4/ آزاد مرد نے عورت کی خدمت یا تعلیم قرآن کو مہر بنایا

5/ اگر مرد نے عورت سے نکاح کیا اس شرط پر کہ مہر میں یہ غلام یا یہ غلام دونگا تو مہر مثل کے ذریعے فیصلہ کیا جائیگا۔

6/ مہر میں کپڑا مقرر کیا وصف بیان کیے بغیر

7/ مہر میں شراب یا خنزیر مقرر کیا

8/ مہر کیلئے سرکہ کی طرف اشارہ کیا مگر وہ شراب تھی۔

9/ مہر کیلئے کسی کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ یہ غلام دونگا جبکہ وہ آزاد تھا۔

10/ نکاح فاسد میں وطی کے بعد قاضی نے تفریق کی۔

11/ اگر زوجین میں مہر کی مقدار میں اختلاف ہوگیا ہو

12/ اگر زوجین کا اختلاف اصل مسمّٰی میں ہو

13/ اگر ذمّی نے ذمیہ سے شادی کی پھر دونوں یا ایک اسلام لے آیا نکاح میں مہر ایک غیر معین خنزیر رکھا گیا

مذکورہ تیرہ (13) صورتوں میں مہر مثل واجب ہوگا

صفحہ 130-134

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 132 نصف مہر کب دیا جائیگا؟ نیز مہر مسمّٰی کب دیا جائیگا؟
جواب وطی سے پہلے شوہر نے طلاق دے دی تو نصف مہر لازم ہوگا
اور اگر وطی کے بعد طلاق دی تو مہر مسمّٰی دیا جائیگا۔ صفحہ 129

سوال نمبر 133۔ متعہ کب واجب اور کب مستحب ہے؟ نیز متعہ کیا چیز ہے؟
جواب۔
مہر بیان نہ کیا ہو یا نفی کی ہو پھر دخول و خلوت سے پہلے طلاق دے دی
تو متعہ واجب ہوگا۔
ہر مطلّقہ کیلئے متعہ مستحب ہے۔ سوائے مفوّضہ کے اسکیلئے واجب
متعہ تین کپڑے ہوتے ہیں۔ 1 قمیص 2 اوڑھنی 3 اور چادر
صفحہ 130

س 134 - خلوت کسے کہتے ہیں؟ اسکی اقسام کی مختصر وضاحت کریں
جواب۔ خلوت کا معنی زوجین کا تنہائی میں ملنا
خلوت کی دو قسمیں ہیں صحیحہ غیر صحیحہ
صحیحہ: جماع سے کسی قسم کی رکاوٹ موجود نہ ہو
غیر صحیحہ: جماع سے کوئی مانع موجود ہو۔
مصنف علیہ الرحمۃ نے چار موانع ذکر فرمائے ہیں۔
1 زوجین میں سے کسی ایک کا سخت بیمار ہونا
2 عورت کا حیض یا نفاس والی ہونا
3 زوجین میں سے ایک کا محرم (احرام باندھا ہو) ہونا
4 کسی ایک کا فرض روزہ رکھا ہوا ہونا۔
صفحہ 130

سوال نمبر 135۔ مجبوب، عِنّین یا خصی کی خلوت صحیحہ ہے یا نہیں؟
جواب۔ انکی خلوت، خلوت صحیحہ ہے اس سے مکمل مہر واجب
ہوگا اور عورت پر عدت بھی لازم آئیگی
صفحہ 130

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 136۔ نکاح شغار کی تعریف بیان کریں۔

جواب نکاح شغار یہ ہے کہ آدمی اپنی بیٹی یا بہن کا نکاح اس شرط پر کرے کہ اس میں سے ہر ایک کی ملکیت بضع دوسرے کیلئے مہر بن جائے تو دونوں عقد جائز ہیں اور شغار کا معنی ہے "خالی ہونا" تو اسے نکاح شغار اسلئے کہتے ہیں کیونکہ یہ مہر سے خالی ہوتا ہے۔

نوٹ۔ نکاح شغار کو عام بول چال میں "وٹہ سٹہ" بھی کہتے ہیں

صفحہ 131

سوال نمبر 137 وَلَوْ قَبَضَتْ اَلْفَ الْمَهْرِ وَوَهَبَتْ ...... لَمْ يَرْجِعْ عَلَيْهَا بِشَيْءٍ عبارت کی وضاحت اس طرح کریں کہ ہر ہر مسئلہ واضح ہو جائے۔

جواب۔

1۔ اگر کسی نے ایک ہزار مہر پر نکاح کیا عورت نے ایک ہزار پر قبضہ کر لیا پھر وآپس مکمل رقم شوہر کو ھبہ کر دی پھر شوہر نے قبل الدخول طلاق دے دی تو اس صورت میں شوھر پانچ سو وآپس لے گا۔

2۔ اور اگر عورت نے بغیر قبضہ کیے اسکو ایک ہزار ھبہ کر دیا

3۔ یا پانچ سو پر قبضہ کر کے پھر اسکو ھبہ کر دیا مقبوض وغیر مقبوض کو، پھر شوہر نے قبل الوطئ طلاق دیدی تو بطور استحسان کوئی کسی سے رجوع نہیں کریگا مگر قیاس کا تقاضا ہے کہ شوہر نصف مہر کیلئے رجوع کریگا

4۔ اگر کسی سامان کو بطور مہر مقرر کیا پھر عورت نے شوہر کو وہ سامان ھبہ کر دیا خواہ قبضہ کیا ہو یا نہ کیا ہو پھر شوہر نے قبل الوطئ طلاق دے دی تو شوہر استحسانا عورت سے کچھ نہیں لے گا۔

صفحہ 132

سوال نمبر 138 مہر مثل میں کسی کسی چیز کا اعتبار کیا جائیگا؟

جواب۔ وہ عورت اسی خاندان میں سے ہو اور وہ دونوں عورتیں برابر ہوں
1۔ عمر 2۔ جمال 3۔ مال 4۔ شہر 5۔ عقل 6۔ دین اور 7۔ بکارت میں

نوٹ: اگر اسکے خاندان میں کوئی نہ ہو تو اجنبی کو دیکھیں گے۔

صفحہ 133

Scanned with CamScanner

سوال نمبر 139 اگر زوجین انتقال کر گئے پھر انکے ورثاء نے مہر کی مقدار میں اختلاف کیا تو کس کی بات مانی جائیگی ؟
جواب مذکورہ صورت میں مرد کے ورثاء کی بات کو مانا جائیگا۔
صفحہ 124

سوال نمبر 140۔ مہر یا ہدیہ میں زوجین کا اختلاف ہو تو کیا فیصلہ کیا جائیگا ؟
جواب اگر کھانے والی چیز نہ ہو تو شوہر کی بات مانی جائیگی
صفحہ 124

صلی اللہ علی محمد
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

## باب نکاح الرقیق (غلام کے نکاح کا باب)

سوال نمبر 141 غلام، مدبر اور مکاتب نے مولا کی اجازت سے نکاح کیا تو اس نکاح کا کیا حکم ہے؟ نیز انکا مہر کون ادا کریگا۔
جواب۔ غلام مدبر یا مکاتب نے اگر مولا کی اجازت سے نکاح کیا تو نکاح درست ہو جائیگا مگر انکا حق مہر دینے کیلئے
غلام کا حق مہر کیلئے یا نان و نفقہ کیلئے غلام کو بیچا جائیگا پھر اسکا حق مہر ادا کریں گے
اور اگر مدبر یا مکاتب ہوں تو انہیں بیچا نہیں جائیگا بلکہ وہ خود کما کر حق مہر ادا کریں گے۔
صفحہ 135

سوال نمبر 142۔ وَلَوْ زَوَّجَ عَبْداً مَأْذُوناً اِمْرَأَۃً ..... فِیْ مَهْرِهَا بنفس مسئلہ بیان کریں
جواب۔ مذکورہ عبارت میں بتا رہے ہیں کہ اگر مولی نے ایسے شخص جو ماذون ہو مقروض ہو اسکا نکاح کسی عورت سے کرا دیا تو نکاح درست ہے اور عورت اپنے مہر کیلئے قرض خواہوں کے ساتھ برابر کی شریک ہوگی یعنی غلام کو اگر بیچا تو اسکی رقم میں سے عورت کو حق مہر بھی دیا جائیگا اور قرض خواہوں کا قرض بھی۔
صفحہ 135

سوال نمبر 143 - اگر مولی نے اپنی لونڈی کی شادی کرائی پھر کیا مولا پر لازم ہے کہ وہ اسکو شوہر کے پاس بھیجے ؟

جواب۔ صورت مسئولہ میں مولا پر لازم نہیں ہے کہ وہ لونڈی کو رات گزارنے دے ہاں مگر جب شوہر موقع پائے وطی کرے۔ صفحہ 135

س 144 کیا مولی اپنے غلام کو نکاح پر مجبور کر سکتا ہے ؟ نیز اگر وطی سے پہلے آقا اپنی لونڈی کو قتل کر دے تو مہر کا کیا حکم ہوگا ؟

جواب۔ مولی کیلئے جائز ہے کہ وہ اپنی لونڈی یا غلام کو نکاح کرنے پر مجبور کرے اور اگر مولی نے قبل الوطئی لونڈی کو قتل کر دیا تو مہر ساقط ہو جائیگا لیکن اگر قبل الوطئی آزاد عورت نے اپنے آپ کو قتل کر دیا تو مہر ساقط نہیں ہوگا

صفحہ 136

سوال نمبر 145 اگر لونڈی یا مکاتبہ کو آزاد کر دیا جائے تو کیا نکاح پر قائم رہنا لازم ہوگا ؟

جواب اگر لونڈی یا مکاتبہ کو آزاد کر دیا تو اگر اس نے نکاح مولا کی اجازت سے کیا تھا تو اب اسے اختیار ہے کہ نکاح کو ختم کرے یا قائم رہے اور اگر بغیر اجازت کے نکاح کیا تھا تو اب کوئی اختیار نہیں ہے اب اگر شوہر نے اسکے آزاد ہونے سے پہلے وطی کر لی تو مہر مولی کیلئے ہوگا لیکن آزادی کے بعد شوہر نے وطی کی تو مہر عورت کیلئے ہوگا۔

صفحہ 136

س 146 اگر کسی نے اپنے بیٹے کی لونڈی سے وطی کی تو اسکا کیا حکم ہے ؟

جواب۔ اگر کسی نے اپنے بیٹے کی لونڈی سے وطی کی تو اس سے بچہ پیدا ہوا پھر باپ نے دعوی کر دیا کہ یہ بچہ میرا ہے تو اسکا نسب ثابت ہو جائیگا اور وہ لونڈی اُمِّ ولد ہو جائیگی اور باپ پر اسکی قیمت واجب ہوگی مگر مہر اور اُس بچے کی قیمت لازم نہیں ہوگی

صفحہ 137

Scanned with CamScanner

مسئلہ نمبر 147 اگر بیٹے نے بذات خود اپنی لونڈی کا نکاح اپنے باپ سے کرا دیا تو کیا حکم ہے؟

جواب۔ اگر بیٹے نے اپنے باپ کا نکاح اپنی لونڈی سے کروا دیا تو نکاح درست ہوگا مگر وہ اسکی امّ ولد نہیں بنے گی اور اسکے باپ پر اسکی قیمت لازم نہیں ہوگی مگر مہر دینا واجب ہوگا اور جو اسکا بچہ پیدا ہوگا وہ آزاد ہوگا

صفحہ 137

سن 148 حُرَّۃٌ قالت لسیّد زوجھا ..... لا یُفسِد . نفس مسئلہ کی وضاحت

جواب۔ اگر آزاد بیوی نے اپنے غلام شوہر کے مولی کو کہا کہ اسکو میری طرف سے ایک ہزار کے بدلے آزاد کر دے پھر اگر اس نے آزاد کر دیا تو نکاح فاسد ہو جائیگا اور اگر اسکی بیوی نے ایک ہزار نہ کہا ہو بلکہ اتنا کہا ہو کہ اسکو آزاد کر دے پھر اس نے آزاد کر دیا تو نکاح فاسد نہیں ہوگا۔

صفحہ 137

## باب نکاح الکافر

مسئلہ نمبر 149

اگر کسی کافر نے بغیر گواہوں کے یا کافر کی عدت میں نکاح کیا تو انکا کیا حکم ہے؟

جواب۔ اگر کسی کافر نے کافرہ سے نکاح کیا یا وہ کافرہ عدت میں تھی تو اس سے نکاح کیا جبکہ ان کے دین میں ایسا کرنا جائز ہو پھر وہ دونوں اسلام لے آئے تو وہ نکاح پر برقرار رہیں گے۔ اور اگر وہ محرمہ ابدیہ ہو تو ان کے درمیان جدائی کرا دی جائیگی

نوٹ کسی مرتد یا مرتدہ کا کسی سے نکاح نہیں ہو سکتا

صفحہ 137-138

مسئلہ نمبر 150۔ اگر شوہر مرتد ہو گیا یا پھر بیوی مرتد ہو گئی تو کیا حکم ہوگا؟

جواب۔ اگر شوہر مرتد ہو گیا بعد از دخول تو عورت کیلئے مکمل مہر ہوگا اور اگر قبل از دخول مرتد ہوا تو نصف مہر ہوگا اور اگر عورت مرتد ہو گئی اگر یہ قبل از دخول ہے تو کوئی مہر نہیں ہوگا

نوٹ اگر زوجین ایک ساتھ مرتد ہوئے پھر ایک ساتھ اسلام لے آئے تو جدائی نہیں ہوگی

صفحہ 139

Scanned with CamScanner

ابو باقر محمد صابر سعیدی
جامعۃ المدینہ نواب شاہ

## باب القسم (باری مقرر کرنا)

س 151

قسم کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں۔

لغوی معنی۔ باری مقرر کرنا

اصطلاحی معنی۔ شوہر کا اپنی منکوحات کے درمیان نفقہ، سکنیٰ اور رات گزارنے میں برابری کرنے کو قسم کہتے ہیں۔

سوال نمبر 152 کیا نئی، پرانی، باکرہ، ثیبہ اور مسلمان، کتابیہ میں باری مقرر کرنے میں فرق کیا جائیگا؟

جواب۔ نان و نفقہ، سکنیٰ اور باری مقرر کرنے میں باکرہ، ثیبہ کی طرح ہے نئی، پرانی کی طرح مسلمان، کتابیہ اور آزاد، لونڈی کی طرح ہے یعنی سب کے سب برابر ہیں

صفحہ 139

سوال نمبر 153 - اگر ایک زوجہ اپنی باری دوسری کو ہبہ کردے تو اسکا کیا حکم ہے؟

جواب۔ اگر وہ ہبہ کرے تو کر سکتی ہے اور جب چاہے وہ اس بات سے رجوع کرلے۔

نوٹ

اگر سفر میں شوہر کسی کو ساتھ لے جانا چاہے تو مستحب یہ ہے کہ قرعہ اندازی کرلے۔

صفحہ 140

ابو باقر محمد صابر سعیدی
جامعۃ المدینہ نواب شاہ
0307-5495628
0314-7155140

ماشاءاللہ
اللھم زد فزد لہم زد
09-03-2022

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ
وعلی آلک واصحابک یاحبیب اللہ



# کتاب الرضاع

سوال نمبر 154 رضاعت کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں

جواب۔ رضاعت کا لغوی معنی "چوسنا" ہے
اصطلاحی معنی۔ دودھ پیتے بچے کا ایک مخصوص مدت (30 ماہ) میں کسی عورت کا دودھ پینے کو رضاعت کہتے ہیں۔ صفحہ 140

سوال 155 رضاعت سے کونسے رشتے حرام ہوجاتے ہیں؟

جواب۔ رضاعت سے وہ رشتے حرام ہوجاتے ہیں جو نسب سے حرام ہوتے ہیں سوائے رضاعی بھائی کی سگی ماں اور رضاعی بیٹے کی سگی بہن سے نکاح کر سکتا ہے۔ صفحہ 140


سوال 156 وَزَوْجُ مُرْضِعَةٍ لبنها ..... تتمہ اس عبارت کی وضاحت کریں

جواب۔ دودھ پلانے والی عورت کا شوہر جس سے اسکا دودھ اترا ہو وہ اس بچے کا باپ ہوجائیگا
اسی طرح اس شوہر کا بیٹا اس بچے کا بھائی ہے اور اسکی بیٹی اس بچے کی بہن اس شوہر کا بھائی بچے کا چچا اور اسکی بہن بچے کی پھوپھی ہوگی۔ صفحہ 141

سوال نمبر 157 وَتَحِلُّ اُخْتُ اَخِيْهِ رِضَاعًا وَنَسَبًا ۔ عبارت کی وضاحت کریں

جواب۔ رضاعی بھائی اور نسبی بھائی کی بہن کے ساتھ نکاح درست ہوگا

جیسے




کلثوم کا خالد سے نکاح حلال ہے۔ صفحہ 141

سوال نمبر 158 وَلَا حِلَّ بَيْنَ رَضِيْعَيْ ثَدْيٍ ...... وَوَلَدِ وَلَدِهَا.
مذکورہ عبارت کی وضاحت کریں

جواب۔
یہاں سے مصنف علیہ الرحمہ یہ بتانا چاہ رہے ہیں کہ ہر دو بچے جو ایک پستان پر جمع ہوجائیں اگرچہ دونوں کا زمانہ رضاعت ایک نہ ہو انکا آپس میں نکاح حلال نہیں ہے
اسی طرح دودھ پینے والی کا اور دودھ پلانے والی کے بچے اور پوتے کے ساتھ نکاح حلال نہیں۔
صفحہ 141

سوال نمبر 159۔ اگر عورت کا دودھ کھانے، پانی، دوا، بکری یا کسی دوسری عورت کے ساتھ ملادیں تو کیا حکم ہوگا؟
جواب۔ اگر دودھ کھانے (طعام) میں مل گیا تو حرمت ثابت نہیں ہوگی اور اگر عورت کا دودھ پانی، دوا، بکری یا کسی دوسری عورت کے ساتھ مل گیا تو اکثر کا اعتبار کیا جائیگا اگر عورت کا دودھ طعام، پانی، وغیرہ سے زیادہ ہوا تو حرمت ثابت ہوگی وگرنہ نہیں۔
صفحہ 141

سوال نمبر 160۔ باکرہ یا مردہ کے دودھ کا کیا حکم ہے؟
جواب باکرہ یا مردہ کے دودھ سے حرمت رضاعت ثابت ہوجائیگی اور اگر کسی بچے کو حقنہ کے ذریعے دودھ پہنچایا تو حرمت ثابت نہیں ہوگی اور مرد کے دودھ سے حرمت ثابت نہیں ہوگی صفحہ 141

سوال نمبر 161۔ اگر بڑی عورت نے اپنی سوتن (صغیرہ) کو دودھ پلایا تو کیا حکم ہوگا؟
جواب۔ اگر کبیرہ نے صغیرہ کو دودھ پلایا تو وہ دونوں شوہر کیلئے حرام ہوجائینگی اور اگر بڑی کے ساتھ وطی نہ کی ہو تو اسکیلئے کوئی مہر نہیں ہوگا اور چھوٹی کیلئے نصف مہر ہوگا
صفحہ 142-141

ماشاء اللہ اللھم زد فزد

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
08-03-2022

09-03-2022

ابو باقر محمد صابر سعیدی
جامعۃ المدینہ نواب شاہ
0307-5495628
0314-7155140

Scanned with CamScanner